# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov


**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/(R)/2025/** 7946
**Date, Peshawar the** 23 **/10/2025/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department

Subject: - **JOINT RESOLUTION No.215 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on 20-10-2025 passed by majority the following Resolution No.**215** moved by Mr. Muhammad Abdul Salam, Mr. Nazir Ahmad Abbasi, Mr. Muhammad Arif and Mr. Amjad Ali, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, as follows: -

یہ صوبائی حکومت اس امر کی پرزور سفارش کرتی ہے کہ 23 مارچ 1940ء کی ایک تاریخی قرارداد پاکستان پاس ہوئی جس کی بنیاد برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک الگ خود مختیار اور آزاد ریاست تھی۔ کلمہ حق کے نام پر بننے والے ملک میں بدقسمتی سے ابھی تک اسلامی قوانین نافذ نہ ہو سکے جبکہ آج کل مسلمانوں کی نسل کشی کرنے والے ملک اسرائیل کے ناجائز وجود کو تسلیم کرنے کے معاہدے کر رہے ہیں۔ بانی پاکستان جناب قائداعظم محمد علی جناح نے آزاد و خود مختیار فلسطین کے قیام تک اسرائیل کو ہرگز تسلیم نہ کرنے کا اعلان کیا تھا اور پوری قوم اس فرمان عالیشان کا احترام کرتے ہوئے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے خلاف ہے۔ امریکہ کے حالیہ دورے میں پاکستانی نمائندہ وفد میں شامل شخصیات اسرائیل کو تسلیم کرنے کے معاہدے پر رضامندی کا وعدہ کر چکی ہے۔ وہ شخصیات پاکستانی قوم کے منتخب شدہ نہیں ہے۔ کامن ویلتھ اور دیگر فورمز نے 8 فروری کے الیکشن سے بننے والی مرکزی پنجاب، سندھ اور بلوچستان حکومتوں کو دھاندلی کے ذریعے عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈال کر غلط قرار دیا ہے۔ اس لیئے موجودہ وزیراعظم عوامی نمائندہ وزیراعظم نہیں ہے اور نہ ہی وہ پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا ترجمان کا حق رکھتا ہے جب کہ دوسری شخصیت پاکستان کا سرکاری ملازم ہے جس کی ذمہ داری مملکت خداداد کی سرحدوں کی حفاظت کرنا اور عوام کو پرامن ماحول دینا ہے جس میں وہ بری طرح فیل ہو چکے ہیں۔ ان کے پاس پاکستانی قوم کا مینڈیٹ نہیں جس کی بنیاد پر وہ بین الاقوامی سطح پر پاکستانی 24 کروڑ عوام کی رائے کے خلاف کوئی معاہدہ کرے۔

یہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا عوام کی منتخب شدہ نمائندہ اسمبلی ہے اور عوام کی ترجمان اسمبلی صوبائی حکومت کو ہدایت کرتی ہے کہ یونائیٹڈ نیشن کو اس قرارداد کی روشنی میں آگاہ کرے کہ پاکستانی قوم اور بلخصوص خیبر پختونخوا کے عوام نہ تو دونوں شخصیات کو قوم کا نمائندہ تسلیم کرتے ہیں اور نہ ہم اسرائیل کو تسلیم کرتے ہیں۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

Assistant Secretary,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa